Disability Inclusion
Education for All

Urdu | **اردو**

Disability Inclusion (معذور افراد کی شمولیت) کے متعلق معلوماتی پرچہ

Disability Inclusion - گھرانوں کے لیے معلوماتی پرچہ

Disability Inclusion معذور طالبعلموں کو بہتر سہارا دینے اور ہمارے تمام طالبعلموں کو شامل کرنے والا سکول بننے میں ہمیں مدد دینے والا ایک نیا نظام ہے۔

سب کو شامل رکھنے والے سکول تمام طالبعلموں کے سیکھنے، مشغول رہنے اور فلاح کے سلسلے میں بہتر نتائج پیش کرتے ہیں۔

Disability Inclusion سے سکولوں کو اس بارے میں بہتر آگہی کے لیے مدد ملے گی کہ سیکھنے میں مدد کے لیے ہمارے طالبعلموں کو کن چیزوں کی ضرورت ہے کیونکہ اس میں یہ مہیا ہو گا:

- زیادہ سرمایہ کاری کے ساتھ فنڈنگ کا نیا ماڈل
- Disability Inclusion Profile کے نام سے صلاحیتوں کو بنیاد بنانے والا ایک نیا عمل جو طالبعلموں کی ضروریات اور مطلوبہ تبدیلیاں شناخت کرنے میں مدد دیتا ہے
- طالبعلموں کو سیکھنے میں مدد دینے کے بہترین طریقوں کے لیے اساتذہ اور سکول کے عملے کی مزید تربیت اور رہنمائی۔

زیادہ سرمایہ کاری کے ساتھ فنڈنگ کا نیا ماڈل

نیا فنڈنگ ماڈل اضافی سرمایہ کاری فراہم کرتا ہے جسے سکول آٹزم، سیکھنے میں مشکلات اور کئی دوسرے مسائل رکھنے والے طالبعلموں سمیت بہت سے طالبعلموں کو سہارا دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

یہ اضافی سرمایہ کاری معذور طالبعلموں کے لیے زیادہ سہارا فراہم کرے گی، ان طالبعلموں کے لیے بھی جو ماضی میں Program for Students with Disabilities (PSD) کے ذریعے انفرادی فنڈنگ کے لیے اہل نہیں رہے ہیں۔

سکول اس فنڈنگ کو کئی مختلف سرگرمیوں کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جن میں یہ شامل ہیں:

- اساتذہ اور سکولوں کے عملے کے لیے مزید تربیت اور پیشہ ورانہ نشوونما

- معذوری کے متعلق ماہرین سے مشورہ لینا
- طالبعلموں کے لیے تبدیلیوں کی منصوبہ بندی اور فراہمی کے لیے اساتذہ اور دیگر عملے کو ملازم رکھنا
- سیکھنے میں مدد دینے والے آلات اور وسائل۔

Disability Inclusion Profile

Disability Inclusion Profile سے سکولوں کو آپ کے بچے کی صلاحیتوں اور ضروریات کے متعلق مزید جاننے میں مدد ملے گی۔ اس سے ہر طالبعلم کے لیے فنڈنگ مختص کرنے، طالبعلم کے سیکھنے کے لیے منصوبہ بندی کرنے اور اس کے بہتر سیکھ پانے کے لیے ضروری تبدیلیوں کے سلسلے میں رہنمائی ملے گی۔

نیا Disability Inclusion Profile اس تعلیمی ضروریات کے سوالنامے کی جگہ لے گا جو موجودہ PSD کے تحت استعمال کیا جاتا تھا۔

اب جبکہ سکول نیا طریقہ اختیار کریں گے تو PSD میں شامل طالبعلموں کے گھرانوں کو Disability Inclusion Profile مکمل کرنے کے لیے میٹنگ میں آنے کی دعوت دی جائے گی۔

اس میٹنگ میں آپ کے بچے کو جاننے والے لوگوں کے علاوہ ایک خودمختار، تربیت یافتہ منتظم بھی شامل ہو گا جو سکولوں اور گھرانوں کو پروفائل مکمل کرنے میں مدد دے گا۔

اگر آپ کا بچہ PSD میں شامل ہے تو سکول آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے موزوں ترین وقت تلاش کرے گا جس میں بچے کا پروفائل مکمل کیا جائے۔

پروفائل زیادہ ضروریات رکھنے والے دوسرے طالبعلموں کے لیے بھی دستیاب ہو گا۔

تبدیلی کے مرحلے میں فنڈنگ

گھرانوں کو ان کے بچے کے Program for Students with Disabilities (PSD) سے نکل کر نئے نظام میں شامل ہونے کے سلسلے میں زیادہ یقینی حالات مہیا کرنے کے لیے وکٹورین گورنمنٹ 2024 تک Disability Inclusion Transition Funding فراہم کر رہی ہے۔

Disability Inclusion
Education for All

Disability Inclusion Transition Funding یہ یقینی بناتی ہے کہ طالبعلموں کو PSD سے نکل کرDisability Inclusion میں جانے میں مدد دینے کے لیے سکولوں کو یا تو پہلے کے برابر ہی سٹوڈنٹ لیول فنڈنگ ملے یا اس سے زیادہ فنڈنگ ملے۔

براہ مہربانی اس بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے سکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں کہ Disability Inclusion Transition Funding آپ کے بچے کے لیے کس طرح اطلاق پاتی ہے۔

اساتذہ اور سکولوں کے عملے کے لیے مزید تربیت اور رہنمائی

Disability Inclusion سے اساتذہ اور امدادی عملے کو معذوری اور اس کے لیے اقدامات کے سلسلے میں بہتر شعور حاصل ہو گا۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل مہیا ہوسکتا ہے:

- سکولوں میں ایسے زیادہ پیشہ ور افراد جو معذوری کے معاملات میں مہارت رکھتے ہوں
- رہنمائی
- پیشہ ورانہ تحصیل علم
- شواہد کی بنیاد پر رہنمائی اور وسائل
- سکالرشپس۔

مزید معلومات

Disability Inclusion کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.education.vic.gov.au/disabilityinclusion دیکھیں۔

اگر آپ سکول میں اپنے بچے کی ضروریات کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں یا اگر آپ کو تحریری یا زبانی ترجمے کے لیے مدد درکار ہے تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔